| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 22-10-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔فیٹف کی گرے لسٹ سے اخراج کریڈٹ یقیناً جنرل باجوہ کو جاتا ہے،قدوس بزنجو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ کیس میں چور کو بے نقاب کیا،مولانا واسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔جبری گمشدگی سے متعلق بل کی منظوری بڑی کامیابیں ہے،آغا حسن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔صالح بھوتانی نے بی آر سی اوتھل میں کلاسز نہ ہونے کا نوٹس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔گوادر میں وفاق نے تعلیم کیلئے 42 ملین کا فنڈ دیا ہے،رانا تنویر | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 6۔پولیو وائرس سے ملک کو پاک کرنے کا وقت قریب آگیا ہے،چیف سیکرٹری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 7۔کاروباری افراد کو سہولیات کی فراہمی حکومت وژن ہے،فرح عظیم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 8۔گوادر کی ترقی میں مقامی قیادت کی اہمیت اور کردار ناگزیر ہے،جی او سی سیکورٹی ڈویژن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 9۔بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔گوادر انٹرنیشنل ائرپورٹ 2023 تک آپریشنل ہو جائے گا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔پاک آرمی اور ایف سی کی سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جاری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 12۔جبری گمشدگیوں سے متعلق بل منظور ہیا اہم مسلہ ہے،اختر مینگل | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 13۔خواتین پر تشدد کیخلاف قوانین پر مکمل عمل کیا جائے،سول سوسائٹی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 14۔چیدگی کیلئے ویری فیکیشن شروع کی جائے تسپ کا جرگہ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 15۔الیکشن کمیشن کا فیصلہ بدنیتی پر مبنی تحریک انصاف ادارے اسی طرح آزاد فیصلے کریں پی ڈی ایم | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 16۔زہری میں امن وامان کے قیام میں انتظامیہ ناکام ہوگئی،نواب زہری | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

قلات دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے دو سیکورٹی اہلکار شہید تین زخمی،نوا کلی میں شوہر نے بیوی کو گولی ماردی ملزم گرفتار س،ساکران نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ہاری کے بیٹے کو قتل کردیا،نقدی او موبائل فونز چھین لئے گئے،

## عوامی مسائل

بلوچستان بھر میں مہنگائی کا جن بے قابو عامی آدمی کی قوت خرید جواب دے گئی،کوہلو امداد نہ ملنے کیخلاف متاثرین کا ڈی سی آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ ،سوئی سدرن کی گیس مسائل حل کرنے کی یقین دہانی،کوئٹہ ٹریفک جام معمول بن گیا،شہری پریشان

مورخہ 22-10-2022

## اداریہ

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**سیلاب زدگان کی بحالی: سٹیک ہولڈرز کا باہمی تعاون** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صدر مملکت عارف علوی نے حکومت عوامی نمائندوں این جی اوز اور دیگر سٹیک ہولڈرز پر زور دیا ہے کہ وہ سیلاب زدگان کو ریلیف فراہم کرنے ان کے ذریعہ معاش کی بحالی اور مکانات کی تعمیر میں باہمی تعاون کو فروغ دیں سیلاب سے تقریباً تین کروڑ افراد متاثر ہوئے ہیں ان لوگوں کے گھر جانور اور جمع پونجی سب کچھ سیلاب کے نذر ہو گیا ہے سیلاب متاثرین کی بحالی حکومت کیلئے ایک چیلنج ہے اس لئے صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ تمام سٹیک ہولڈرز آپس میں قریبی رابطہ اور باہمی تعاون رکھیں تا کہ متاثرین کی بحالی کو یقینی بنایا جا سکے چاروں صوبائی حکومتوں اور وفاق کو مل کر متاثرین کی بحالی کیلئے ایسا طریقہ کار اپنانا چاہئے جس سے تمام متاثرین کو نقصان کا ازالہ ہو سکے عدالت نے چند روز قبل سندھ حکومت کو متاثرین سیلاب پر خرچ کی جانے والی رقم کے بارے میں تفصیلات طلب کی تھیں اسی طرح وفاق اور صوبوں سے بھی تفصیلات کی جائیں تا کہ اس بات کا اندازہ ہو سکے کہ متاثرین کی بحالی میں کون کون سے سٹیک ہولڈرز دلچسپی لے رہے ہیں اس معاملے میں گہری دلچسپی لینے کی ضرورت ہے تا کہ متاثرین کی موسم سرما سے قبل یقینی بنائی جا سکے۔

## ادریہ

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**متاثرین کی مدد میں سیاست نہیں کی جا رہی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مسائل اور کابینہ کے اقدامات** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "We are the walking dead " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 22 OCT 2022 Page No. 1


# فیٹف کی گرے لسٹ سے اخراج، کریڈٹ یقیناً جنرل باجوہ کو جاتا ہے، قدوس بزنجو

## پاک فوج کے سربراہ نے کلیدی کردار ادا کیا، فیصلے کے پاکستان کی معیشت، سفارت اور سیاست پر مثبت اثرات مرتب ہونگے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے فیٹف کی گرے لسٹ سے پاکستان کا نام نکلنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے گرے لسٹ سے نکلنے پر وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی کامیاب کاوشوں کی تعریف کی اور کہا کہ اس کامیابی کا کریڈٹ پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ کو جاتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے پاکستان کو گرے لسٹ سے نکالنے میں کلیدی کردار ادا کیا پاک فوج کے سربراہ کی کاوشوں کی پوری قوم معترف ہے عالمی سطح پر اس بڑی کامیابی پر قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پاکستان کو فیٹف کی گرے لسٹ سے نکلنے میں کامیابی ملی عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ اور وقار بلند ہوا یہ اہم پیش رفت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستانیوں کی قربانیوں کا اعتراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے دنیا نے انسداد دہشت گردی کے لئے پاکستان کی کاوشوں کو تسلیم کیا ہے گرے لسٹ سے نکلنے پر پاکستان کی معیشت، سفارت اور سیاست پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور مستقبل میں پاکستان کے لئے اس بڑے فیصلے کے دوررس نتائج سامنے آئیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 22 OCT 2022 Page No. 2

## جبری گمشدگی سے متعلق بل کی منظوری بڑی کامیابی ہے' آغا حسن بلوچ

**سردار اختر مینگل کی مخالفت پر بل کی شق 514 کو خارج کرتے قومی اسمبلی سے پاس کیا گیا، بیان**

اسلام آباد(پ ر) وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی/بی این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی کا جبری گمشدگی سے متعلق دی کریمنل لاز امینڈمینٹ بل 2022 کو سردار اختر مینگل کی ترمیم کے بعد متفقہ طور پر منظور کرنا جبری گمشدگی کے خلاف ہماری کوششوں کی بڑی کامیابی ہے بل میں جبری گمشدگی کے بہیمانہ فعل کو جرم قرار دیا گیا ہے اور ایسے جرم کا ارتکاب کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف مہیا کرتے ہوئے ان کا جبری استحصال ختم کیا جائے گا وفاقی وزیر نے کہا کہ مجوزہ بل کی شق 514 کی اختر مینگل نے مخالفت کی جس میں کہا گیا تھا مدعی یا معلومات مہیا کرنے والے افراد کی معلومات درست نہ ہونے پر ان کو 5 سال قید اور ایک لاکھ جرمانہ ہو سکتا ہے بی این پی کا موقف تھا کہ ایسی شق مدعی اور معلومات مہیا کرنے والے افراد کی حوصلہ شکنی کرے گی اور ورثہ کے لئے ایسے حساس معاملات میں اپنا دعویٰ ثابت کرنا بہت مشکل ہے۔ وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ نے اعتراض کو تسلیم کرتے ہوئے شق کو بل سے خارج کرتے ہوئے اسے ایوان میں پیش کیا۔

## الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ کیس میں چور کو بے نقاب کیا' مولانا عبدالواسع

**ملک کو ڈیفالٹ کرنے میں عمران نیازی کا بڑا حصہ تھا' وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس**

کوئٹہ(پ ر) جمعیت بلوچستان کے امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ کیس میں فیصلہ دے کر ایک چور کو بے نقاب کیا فیصلے سے ثابت ہو گیا کہ ملک کو ڈیفالٹ کرنے میں عمران نیازی کا بڑا حصہ تھا سزا صرف نااہلی پر ختم نہیں ہونی چاہیے اس کو گرفتار کر کے قانون کے سامنے پیش کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ میڈیا ٹرائل مخالفین کے پروپیگنڈوں کے باوجود آج تک ایک حکومت ہمارے خلاف کچھ ثابت کرنا تو دور کی بات، کیس تک نہیں بنا سکی ایک شخص کو حکومت سے گئے ہوئے صرف 5 ماہ ہوئے ہیں اور وہ چور ثابت ہو کر نااہل ہو گیا ہے جب آغاز اتنا بھیانک ہے تو سوچیں اختتام کتنا دردناک ہوگا۔

MASHRIQ QUETTA

## صالح بھوتانی نے بی آر سی اوتھل میں کلاسز نہ ہونیکا کا نوٹس

**تعلیمی اداروں کو فعال رکھنا اور ان کی حفاظت اور ہماری اولین ترجیح ہے، صالح بھوتانی**

کوئٹہ(اے پی پی) سینئر صوبائی وزیر بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی، ممبر قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی اور سردار زادہ شہزاد صالح بھوتانی نے بلوچستان ریذیڈینشل......

بقیہ نمبر2 صفحہ 10 پر

کالج اوتھل کے مسئلے پر نوٹس لے لیا۔ ڈی جی پی آر سے جاری کردہ بیان کے مطابق بھوتانی برادران کے اعلیٰ حکام، ذمہ داران سے رابطے فوری کالج کے مسئلے کو حل کرنے کی ہدایت اور فوری کلاسز شروع کی جائیں۔ اس موقع پر بھوتانی برادران کا کہنا تھا کہ ضلع لسبیلہ ہم سب کا ہے اور یہاں کے تعلیمی اداروں کی حفاظت اور انکو فعال رکھنا ہماری اولین ترجیح ہے، تاکہ ہمارے مستقبل کے ہونہار بچے ایک اچھی تعلیم حاصل کریں۔ بھوتانی برادران کا مزید کہنا ہے کہ جب یہ کچھ عرصہ قبل عمارت کھنڈرات میں تھیں اور بند تھیں تب بھی ہم نے ہی عوام کیساتھ مل کر ان اداروں کو فعال کروایا تھا اور کلاسز شروع کروائیں تھیں اور اب بھی ان شاء اللہ ذمہ داران اداروں سے رابطے میں ہیں بہت جلد فوری طور پر انکے تمام مسائل حل کیے جائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1　　Dated 22 OCT 2022　　Page No. 3


# گوادر میں وفاق نے تعلیم کیلئے 42 ملین کا فنڈ دیا ہے

تنویر رانا

## وسائل کی کمی کے باعث میرے علاقے میں مسائل کا سامنا ہے تعلیمی ترقی کی رفتار بھی کمی کا شکار رہی' کورونا کے دوران کافی مسائل سامنے آئے' اسلم بھوتانی

## علم سے محبت ہے بلوچستان تعلیم کے معاملے میں مشکل کا شکار تھا' علامہ اقبال یونیورسٹی گوادر میں تقریب سے ڈاکٹر ضیاء، راجا عمر یوسف اور دیگر کا خطاب

گوادر (بیورو رپورٹ) اقبال اوپن یونیورسٹی گوادر میں وفاقی وزیر کے اعزاز میں تقریب علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا بنیادی مقصد گھر کی دہلیز تک تعلیم کو عام کرنا ہے۔ 48 سالوں میں اس ادارے نے 44 لاکھ بچوں کی تعلیم مکمل کرائی ہے۔ بلوچستان میں 30 ہزار طلبا ہمارے ہاں زیر تعلیم ہیں 5 ریجن کی تعداد کو اب بڑھا رہے ہیں 2015 کو نواز شریف نے یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس کی بڑی اہمیت ہے کورونا کی وجہ سے تعلیم پر کافی اثر پڑا۔ یونیورسٹی کا اپنا ٹی وی چینل ہوگا۔ گوادر میں 42 ملین کا فنڈ دیا گیا ہے۔ سیلاب زدہ علاقوں میں یونیورسٹی کی فیسیں معاف

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

کی گئی ہیں۔ وزیراعظم بلوچستان کو تعلیم یافتہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تقریب سے مقررین وفاقی وزیر تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین، وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ضیاالقیوم، ممبر قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی، ڈائریکٹر جنرل علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ڈاکٹر ملک توقیر احمد، رجسٹرار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میجر راجا عمر یونس اور گوادر کے سیاسی و سماجی شخصیت اشرف حسین و دیگر نے اپنے خطاب میں کہا ہے کہ محمد اسلم بھوتانی اپنے علاقے کے لیے بہت کچھ کرنا چاہتے ہیں وہ ہمیشہ اسمبلی کے فلور پر اپنے علاقے کے لوگوں کو تعلیم سے ہمکنار ہونے کے لیے آواز اٹھاتے رہے ہیں آج ہم خود ان کا علاقہ دیکھ چکے ہیں واقعی وہ پسماندگی کے شکار ہے۔ گوادر ایک تاریخی شہر ہے سی پیک کا منبع ہے۔ محمد اسلم بھوتانی نے کہا تھا کہ میرے علاقے میں تعلیم دینا چاہیے۔ وسائل کم تھے کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ تعلیم کی ترقی کی رفتار کمی کا شکار رہا۔ اس دوران کرونا کی وجہ سے کافی مسائل سامنے آئے۔ 2015 کو سابق وزیراعظم نواز شریف نے یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔ اب بلوچستان خصوصاً مکران میں کئی یونیورسٹی کے آنے سے تعلیم کی بڑی اہمیت نظر آرہی ہے۔ بہت جلد یونیورسٹی کا اپنا ٹی وی چینل ہوگا۔ گوادر میں وفاقی حکومت نے تعلیم کے لئے 42 ملین کا فنڈ دیا ہے۔ سیلاب زدہ علاقوں میں فیس معاف کی گئی ہیں۔ وزیراعظم بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ دیکھنا چاہتے بھوتانی صاحب اپنے علاقے کے لئے بہت کررہے ہیں ان کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ گوادر تاریخی شہر ہے سی پیک کا منبع ہے۔ انہوں نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے لئے تین ملین کا اعلان کیا۔ اسکِل مکمل کرنے کے بعد ان نوجوانوں کو کام مل جاتا ہے۔ بیرون ملک ٹیکنیکل لوگوں کی ضرورت ہے بلوچستان میں ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ دیں گے۔ 57 کروڑ پہلے دی گئی ہے اور اب 35 کروڑ ترقیاتی فنڈز سے بلوچستان کے طلباء کو اسکالرشپ بھی دیں گے۔ اب بھی پاکستان بھر میں 60 لاکھ بچے اسکول سے باہر ہیں۔ 6 ارب بلوچستان کے تمام یونیورسٹیوں کی مالی تعاون کریں گے۔ لیپ ٹاپ بھی نوجوانوں کو دیں گے۔ اور مالزہ کیڈٹ کالج کا دورہ کیا بہت ہی اسٹینڈرڈ کا ہے ہوسٹل اور میس بھی بہترین تھے۔ اور بلوچ نوجوان کیڈٹ کالج میں تعلیم کی حاصل کر رہے یہ بہت بڑی تبدیلی ہے۔ وزیراعظم کا دل بلوچستان کے عوام کیلئے ہمیشہ دھڑکتا رہتا ہے۔ میر اسلم بھوتانی نے وزیر تعلیم اور کم وسیت اور دیگر تمام مہمانوں اور یونیورسٹی کے منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ اب یہ یونیورسٹی کیمپس نہیں رہا دو حائی ارب کا وہ فنڈ ریلیز نہ ہو رکا کیڈٹ کالج پاک نیوی کے اسکول میں گوادر کی تین بچیوں نے ٹاپ کی ہے۔ نیوی میں بھی گوادر اور بلوچستان کے نوجوان خدمات سرانجام دے

رہے ہیں مواقع کم ملتے ہیں اس لئے محرومی بڑھنے سے بلوچوں پر الزامات لگائے جاتے ہیں، بلوچستان پاکستان کے دیگر صوبوں کے لوگوں کی طرح ان کی وفاداری پر شک نہ کیا جائے ان کو مواقع کی ضرورت ہے اتنے ہی محب وطن ہیں جتنے دیگر پاکستانی مقررین نے کہا وزیراعظم شہباز شریف نے جب حلف لیا وہ سب سے پہلے بلوچستان آئے موجودہ حکومت محرومی دور کرے تو بلوچ بھی قریب تر [illegible] ۔ ایران سے اب 70 میگاواٹ [illegible]
[illegible]
کرے گا۔ تربت میں یونیورسٹی میڈیکل کالج ہے بلوچستان کسی سے پیچھے نہیں رہے گا مقررین نے مزید کہا کہ تعلیمی انقلاب سے اب تک لاکھوں لوگوں نے ڈگریاں حاصل کی ہیں ہم طلبا کو تعلیم اور بکس گھروں کے ایڈریس پر پہنچا دیتے ہیں۔ اب تعلیم گھر کی دہلیز سے ہی فراہم ہوگی خصوصاً خواتین اپنی اسائنمنٹ کو بھیج دیتے ہیں اسٹوڈنٹس اپنے مارک شیٹس کو دیکھ سکتے ہیں کافی اسٹوڈنٹس کو فوائد حاصل ہونگے، اپنی کمپلین بھی وہ ڈائرکٹ یونیورسٹی کو بھیج سکتے ہیں۔ پاکستان کی یہ یونیورسٹی ایشیا میں پہلے نمبر پر ہے 40 لاکھ بچوں کو تعلیم دے رہے ہیں۔ میٹرک کی کوئی فیس نہیں کتابیں اور تعلیم کو بلوچستان کے لئے مفت کر دیا گیا ہے۔ بلوچستان تعلیم کے حوالے سے مستقبل میں بہت آگے جا سکتا ہے۔ یونیورسٹی کے تمام پروگرامات فراہم کئے گئے ہیں 30 ہزار طلبا ہمارے ہاں زیر تعلیم ہیں 5 ریجن کی تعداد کو بڑھا دیں گے۔ دو تین مزید یونیورسٹیوں کا اضافہ ہوگا۔ میٹرک انٹر بی اے بی ایڈ طلبا کو اگلے سال امتحان کے رزلٹ کا انتظار نہ کرنا پڑے وفاقی وزیر برائے تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین کو بلوچی چادر قومی اسمبلی کے ممبر محمد اسلم بھوتانی نے بلوچی چادر پہنائی۔ ڈائریکٹر جنرل ملک توقیر احمد نے کہا لائبریری موجود ہے دور دراز کے علاقے سہولت حاصل کر رہے ہیں۔ ضیا قیوم نے کہا علم سے محبت ہے مصروف تعلیم تعلیمی ادارے ہیں ان کو بہتر چلا رہے تعلیم دوستی کا مظہر ہے۔ وسائل کی کمی کے باوجود آن لائن تعلیم دے سکیں گے بلوچستان پہلے تعلیم کے معاملے میں مشکل کا شکار تھا لیکن آن لائن تعلیم فری کی گئی ہے۔ سمسٹر فیس کئی علاقوں میں معاف کی گئیں ہیں۔ ریاست کا ادارہ ہے۔ دو ماہ میں تمام مسائل کو حل کرائیں گے۔ یونیورسٹیاں آپ عوام کے بغیر نامکمل ہیں آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔ اب قلات اور زیارت میں بھی یونیورسٹی بن رہی ہیں۔ پرو وائس چانسلر رانا تنویر حسین نے کہا کہ مجھے خوشی ہے اب اس علاقے کی پسماندگی کا جلد خاتمہ ممکن ہے۔ اس تقریب کے نظامت کے فرائض امتیاز جلیل نے بڑی خوبصورتی سے سرانجام دیئے۔ جبکہ گوادر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی جانب سے وزیر موصوف کو گوادر لسبیلہ کے قومی اسمبلی کے ممبر محمد اسلم بھوتانی نے انہیں گوادر کی خاص گفٹ سووینئر کشتی (لانچ) پیش کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 OCT 2022 Page No. 7

## زہری میں امن وامان کے قیام میں انتظامیہ ناکام ہوگئی‘ نواب زہری

پیپلز پارٹی کے رہنما کا حفیظ اللہ لونانی کی شہادت پر اظہار افسوس، قاتلوں کی جلد گرفتاری کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری نے زہری بازار میں حفیظ اللہ لونانی کی دہشت گردوں کے ہاتھوں شہادت پر غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زہری انتظامیہ امن بحال کرنے اور عوام کی جان ومال کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے، عوام کی جان و مال کی حفاظت انتظامیہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے زہری میں آئے روز ٹارگٹ کلر معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر با آسانی فرار ہوجاتے ہیں جو انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، خضدار انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ قاتلوں کو گرفتار کرنے کے لئے عملی اقدامات کرے اور زہری کے عوام کو تحفظ دینے کیلئے سیکورٹی میں اضافہ کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## الیکشن کمیشن کا فیصلہ بدنیتی پر مبنی تحریک انصاف‘ ادارے اسی طرح آزاد فیصلے کریں‘ پی ڈی ایم

قانون سے لڑنے، گولیاں، ڈنڈے چلانے اور فسادی جتھے لانے کے بجائے قانون کے سامنے سر جھکائیں،‘ آغا حسن بلوچ‘ مولانا عبدالواسع

فیصلے کے ذریعے ملک کی معیشت کو کمزور اور حالات کو خراب کرنے کی سازش کی جارہی ہے‘ قاسم خان سوری‘ مبین خان خلجی‘ سید ظہور آغا

کوئٹہ (اے این این) حکومت میں شامل جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے جو فیصلہ کیا وہ ملک کی بہترین اور آئین کی پاسداری ہے جس پر ہم الیکشن کمیشن کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ ادارے اس طرح آزاد اور خود مختار فیصلہ کریں جبکہ تحریک انصاف کے رہنماؤں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے جو فیصلہ کیا وہ بدنیتی پر مبنی ہے ملک کی معیشت کو کمزور اور حالات کو خراب کرنے کی......... بقیہ نمبر 25 صفحہ 10 پر

کمیشن کے متنازعہ اور جانبدار فیصلے کو قوم نے مسترد کردیا ہے، پی ٹی آئی مزید شدت کے ساتھ احتجاجی تحریک چلائے گی، آئندہ انتخابات میں پی ڈی ایم کو 10 فیصد ووٹ بھی نہیں ملیں گے ۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ سید ظہور آغا نے کہا کہ دنیا بھر میں عمران خان کے چاہنے والوں نے الیکشن کمیشن کے جانبدار فیصلے کو مسترد کردیا ہے، عمران خان کے خلاف توشہ خانہ ریفرنس بنتا ہی نہیں تھا عمران خان نے ایف بی آر میں اثاثے ظاہر کرکے ٹیکس جمع کروایا ہے جبکہ توشہ خان کا معاملہ 120 دن گزرنے کے بعد ٹائم بار ہوچکا ہے ۔انہوں نے کہا کہ اربوں روپے کی کرپشن میں ملوث افراد آج حکمران ہیں انہیں ضمانتوں پر رہا کرنے کے بعد کیسز ختم کیے گئے ہیں پی ٹی آئی کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ چیئرمین عمران خان کو حقیقی آزادی اور قومی خود مختاری کی جدوجہد سے ہٹانے کی کوشش کی گئی ہے ماضی میں بھی عمران خان کو دیوار سے لگانے والوں کو منہ کی کھانی پڑی اور مستقبل میں بھی انہیں اسی کا سامنا کرنا پڑیگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کا ہر کارکن مزید جذبے کے ساتھ قوم وملک کی خاطر جدوجہد جاری رکھے گا، حکومت کے اوچھے ہتھکنڈوں سے ہم کسی صورت گھبرائیں گے نہیں پی ٹی آئی کا ہر ورکر عمران خان کے ساتھ کھڑا ہے ۔انہوں نے کہا کہ قومی خودمختاری اور حقیقی آزادی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے آج قوم کا ہر فرد عمران خان کے پیچھے کھڑا ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے ہوئے ہیں جولائی اور 16 اکتوبر کے ضمنی انتخابات امپورٹڈ حکومت کے خلاف ریفرنڈم ہیں قوم آج حقیقی آزادی کے لئے کھڑی ہے ۔انہوں نے کہا کہ آئندہ عام انتخابات میں پی ڈی ایم کو 10 فیصد ووٹ بھی نہیں ملیں گے اور پی ٹی آئی بھاری مینڈیٹ سے کامیاب ہوکر حکومت بنائے گی ۔ایک سوال کے جواب میں ظہور آغا نے کہا کہ میری سیاسی وابستگی ہمیشہ سے عمران خان اور تحریک انصاف کے ساتھ رہی ہے اور رہے گی ، میری پارٹی چھوڑنے کے حوالے سے افواہیں پھیلائی جارہی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 22 OCT 2022 Page No. 9


# بلوچستان بھر میں مہنگائی کا جن بے قابو، عام آدمی کی قوت خرید جواب دے گئی

کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال ہونیکے باعث گوشت، آٹے اور پھلوں کے بعد سبزیوں کی قیمتیں بھی عوام کی قوت خرید سے باہر ہوگئیں

بھنڈی 200 روپے، آلو 100 روپے، لہسن اور ادرک 400 روپے کلو تک جا پہنچیں جبکہ روٹی کیساتھ کھانے کیلئے اب مزدور کو پیاز بھی میسر نہیں

سبزیاں زمینداروں سے مہنگی مل رہی ہیں، ہم لوگ تو مجبور ہیں اگر اودھر سے سستا آجائے ہم لوگ بھی سستا دیتا ہے، دکانداروں کا موقف

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان بھر میں مہنگائی کا جن بے قابو عام آدمی اور متوسط طبقہ کی قوت خرید جواب دے گئی تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں دکانداروں اور بیوپاریوں کی جانب سے کئے جانے والے من مانے اضافوں کے باعث سبزیاں، پھل گوشت اور دیگر اشیاء ضروریا عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوگئی ہیں جب کے متوسط طبقے کے خریدار بھی پریشانی کا شکار ہو گئے ہیں۔........ بقیہ نمبر 45 صفحہ 10 پر

کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی کے غیر فعال ہونے کے باعث مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا، گوشت، آٹے اور پھلوں کے بعد سبزیوں کی قیمتیں بھی عام انسان کی قوت خرید سے باہر ہوتی جا رہی ہیں، شہر کے مختلف علاقوں میں دوکاندار اپنی من مانی قیمتوں پر سبزیاں فروخت کر رہے ہیں۔ کوئٹہ کی بازاروں میں بھنڈی 200 روپے کلو، آلو 100 روپے کلو، لہسن اور ادرک 400 روپے کلو تک جا پہنچی ہیں جبکہ روٹی کے ساتھ کھانے کیلئے اب مزدور کیلئے پیاز بھی میسر نہیں کیونکہ اسکی قیمت بھی 100 روپے کلو ہوگئی ہے۔ ٹماٹر کی قیمت 200 روپے ہوگئی ہے، سبز مرچیں جو 2 ماہ پہلے 80 روپے میں فروخت ہو رہی تھی وہی اب مہنگی ہو کر 400 روپے کلو ہوگئی ہے۔ خریداروں کا کہنا ہے کہ ہم اتنے دنوں سے یہاں سے مہنگے داموں سبزی لے کر گئے ہیں

INTEKHAB QUETTA

# کوہلو امداد نہ ملنے کیخلاف متاثرین کا ڈی سی آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

فراہم کردہ امدادی سامان کا 10 فیصد حصہ بارش وسیلاب متاثرین کو دیا جارہا ہے، کھلے عام خورد برد کا سلسلہ جاری ہے، ظلم برداشت نہیں کیا جائے گا

دو ماہ گزرنے کے باوجود متاثرین کو بدستور نظر انداز کر رکھا ہے، پورا حق دیا جائے، بصورت دیگر احتجاج کو توسیع دیں گے

کوہلو (نامہ نگار) سیلاب متاثرین کا امدادی سامان نہ ملنے کے خلاف ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے قومی شاہراہ پر احتجاج اور دھرنا، پی ڈی ایم اے کی جانب سے فراہم کردہ سامان کی ہمیں صرف دس فیصد دیا جائے سیلاب متاثرین کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق تصویر: ڈاکٹر جمعہ خان بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

# سوئی سدرن کی گیس مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

رکن بلوچستان اسمبلی عزیز اللہ آغا کی ایم ڈی و جی ایم سوئی سدرن سے ملاقات گیس لوڈ شیڈنگ پر مشکلات سے آگاہ کیا

سرانان (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے رکن بلوچستان اسمبلی الحاج سید عزیز اللہ آغا نے کراچی میں سدرن گیس کمپنی کے ایم ڈی عمران مانیار اور جی ایم آصف انصاری کے ساتھ تفصیلی ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان خاص کر ضلع پشین میں جاری گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور درپیش مشکلات پر تبادلہ خیال ایم پی اے سید حاجی عزیز اللہ آغا نے پشین کے عوام بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور مسائل ... [illegible]

کہ بیدیل قومی اسمبلی سے سینیٹ میں گیا سینیٹ کی کمیٹی نے اس میں معمولی ترامیم کیں، ایک شق پر سردار اختر مینگل کو تحفظات ہیں، اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے کہا کہ جبری گمشدگیوں کا نہایت ہی دیرینہ مسئلہ ہے، ایک تو ان کے لواحقین کی بڑی مشکل سے ایف آئی آر کٹتی ہے، خوف کی وجہ سے کوئی ایف آئی آر کاٹ نہیں سکتا اگر کسی نے ایف آئی آر کاٹی تو وہ بھی اٹھایا جاتا ہے، اب جو ترمیم لائے ہیں کہ جو شکایت کنندگان ہیں وہ بھی اگر ثابت نہ کر سکا تو اس کے لئے بھی 5 سال سزا، سردار اختر مینگل نے کہا کہ ان قوتوں کے سامنے کون ثابت کر سکے گا؟ آپ کو اٹھا کر جائیں مجھے اٹھا کر لے جائیں تو ہم بھی ثابت نہیں کر سکیں گے، ہمیں اس پر اعتراض ہے، اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے رکن اسمبلی مولانا عبدالاکبر چترالی نے کہا کہ بل بالکل ٹھیک ہے ہم اس کی تائید کرتے ہیں تاہم شق نمبر 514 کو ہٹا دیا جائے، جو لوگ اٹھا رہے ہیں وہ آپ بھی جانتے ہیں میں بھی جانتا ہوں سب جانتے ہیں تو ان کا نام آپ لے سکتے ہیں؟ آپ ان کے خلاف شکایت درج کر سکتے ہیں؟ اس موقع پر ارکان اسمبلی اسامہ قادری، محسن داوڑ، محمد جمال الدین اور شازیہ مری نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا، ارکان کی رائے سن کر وفاقی وزیر برائے قانون اعظم نذیر تارڑ نے شق 514 کی ترمیم ڈراپ کرنے کا اعلان کیا، بل کی منظوری کے عمل کے دوران وفاقی وزیر برائے تجارت نوید قمر نے شق 514 کو بل سے ختم کرنے کی ترمیم پیش کی جسے منظور کر لیا گیا، جس کے بعد بل بھی منظور کر لیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No.

Dated: 22 OCT 2022 Page No.

# شہری پریشان

# کوئٹہ ٹریفک جام معمول بن گیا

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر میں ٹریفک جام معمول بن گیا شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ پارکنگ اور مختلف شاہراہوں پر احتجاجی دھرنوں اور مظاہروں کی وجہ سے پورے شہر میں ٹریفک جام رہتا ہے، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

**ٹریفک کی روانی کیلئے ٹریفک پولیس کی جانب سے کوئی موثر اقدام اٹھایا نہ جاسکا شہر میں ٹریفک جام کے سدباب کے لئے پلان ترتیب دی جائے اور دکانوں کے سامنے کھڑی گاڑیوں موٹر سائیکلوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر میں ٹریفک جام معمول بن گیا ہے شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ پارکنگ اور مختلف شاہراہوں پر احتجاجی دھرنوں اور مظاہروں کی وجہ سے پورے شہر میں ٹریفک جام رہتا ہے جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے مختلف شاہراہوں پر نو پارکنگ بورڈ آویزاں ہونے کے باوجود لوگ گاڑیاں کھڑی کرکے چلے جاتے ہیں اور دوسری جانب ہاکی چوک، عدالت روڈ، حالی روڈ، صوبائی اسمبلی کے سامنے اور دیگر شاہراہوں پر احتجاجی دھرنوں اور مظاہروں کی وجہ سے ٹریفک جام رہتا ہے اور منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے کرتے ہیں خاص طور پر اسکول کے اوقات میں طلباء اور طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اسی طرح خواتین اور بوڑھے مرد کو ٹریفک جام کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مشن چوک سمیت طوغی روڈ اور باچا خان چوک سمیت شہر کے اکثر علاقوں میں ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا پیدل گزرنا بھی محال ہوگیا لوگ ٹریفک جام کی وجہ سے پریشان چند منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہو نے لگا نو پارکنگ کے بورڈ کام آسکے اور نہ ٹریفک کی روانی کیلئے ٹریفک پولیس کی جانب سے کوئی موثر اقدام اٹھایا جاسکا ایس ایس پی ٹریفک پولیس سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں ٹریفک جام کے سدباب کیلئے پلان ترتیب اور دکانوں کے سامنے کھڑی گاڑیوں موٹر سائیکلوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کیا جائے شہریوں کو اس پریشان کن صورتحال سے نجات مل سکے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 OCT 2022 Page No. 13

# We are the walking dead

Judges are remembered by their decisions. Assassinated justice Miskanzai will remember because of his decisions. A judicial inquiry must be conducted on the sad incident of Kharan in which former Chief Justice Maskanzai Balochistan High Court and Federal Shariat Court was murdered, it is badly needed to know the causes and reasons behind this high profile case. Justice Muhammad Noor Maskanzai was targeted in a terrorist attack in his native Kharan on October 14. But this was not the first incident targeting high court judges of Balochistan. Earlier, Justice Mir Muhammad Nawaz Murri was targeted, very close to the High Court building in January 2000. Justice Murri was also the brother-in-law of Mir Khuda Bakhsh Murri, the first Chief Justice of Balochistan High Court. Justice Maskanzai was also targeted earlier in 2005 on way towards Kharan near Nushki. A seven member's joint investigation committee has also convened to enquire the incidents from every angle' JIT was formed by the department of Home and Tribal affairs Balochistan. DIG Counter Terrorism Department will be the convener of the team. JIT consists of seven members. Investigation officers of the case along with representatives of DIG Rukhshan Division, SSP Investigation Quetta, ISI, Intelligence Bureau, MI and FC Kharan will be part of the team. The JIT has been constituted under the Anti-Terrorism Act. In the order issued by the Home Department, FIA, Financial Monitoring Unit, Security and Exchange Commission have also been asked to provide assistance in the investigation. The JIT will submit its report within 30 days. Under Section 173, the report will be sent directly to the Anti-Terrorism Court.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 22 OCT 2022 Page No.

MASHRIQ QUETTA




کوئٹہ: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی بیوٹمز میں تقریب سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی
بچے کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں



ورلڈ پولیو ڈے کی تقریب میں چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بچے کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں



کوئٹہ: ایم پی اے نصراللہ زیرے ورلڈ پولیو ڈے کے موقع پر پولیو ورکر کو سوینئر دے رہے ہیں